13/04/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں مشاہد حسین

تیل

تیل کی عالمی قیمتوں میں فی بیرل ایک سو امریکی ڈالرکا اضافہ ہوگیا ۔امریکہ کی طرف سے ایرانی بندر گاہوں کو بند کرنے کے اعلان کے بعد آج جیسے ہی ایشیاءمیں توانائی کے بازار کھلے، تو تیل کی عالمی قیمتوں میں یہ اُچھال دیکھا گیا ۔

امریکہ اور ایران کے درمیان ناکام مذاکرات نے ان خدشات کو جنم دیا ہے کہ عالمی سطح پر توانائی کا بحران مزید گہرا ہوگا۔

ادھر مرکزی سرکار نے ڈیزل پر بر آمدی ڈیوٹی 21روپے 50پیسے فی لیٹر سے بڑھا کر 55روپے 50پیسے فی لیٹر کر دی ہے ۔

ایل جی

جموں کشمیر میں 11اپریل سے شروع کئے گئے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت یو ٹی کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے ضروری اقدام کئے جا رہے ہیں۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ انتظامیہ نوجوانوں کو اس لت سے بچانے کیلئے کمر بستہ ہے ۔ انہوں نے منشیات کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف کڑی کارروائی کا بھی پیغام دیا ہے ۔

........LG Drugs........

واضح رہے کہ نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان تین ماہ سے زائد کے عرصے تک چلایا جائے گا۔

سیاچن ڈے

بھارتی فوج اور بھارتی فضائیہ نے سیاچن ڈے کے موقعے پر آج ان بہادر جوانوں کو اپنا خراج عقیدت ادا کیا ، جنہوں نے لداخ کے سیاچن میں دنیا کے سب سے اونچے جنگی میدان میں لڑتے ہوئے اپنی جانیں نچھاور کی تھیں۔

1984میں آج ہی کے دن آپریشن Meghdoot چلایا گیا تھا ،جس مینبھارتی فوج اور فضائیہ نے سیاچن گلیشر کا دفاع کیا تھا ۔

دورہ

جموں کشمیر مشن یواکے منیجنگ ڈائریکٹر اور ڈائریکٹر ایمپلائمنٹ ہرویندر سنگھ کی قیادت میں اعلیٰ سطح کے ایک وفد نے اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے سینٹر فار انوویشن اینڈ آنٹر پرنیور شپ ڈیولپمنٹ (CIED)- کا دورہ کیا

CIED کے ڈائریکٹر پروفیسر پرویز احمد میر نے دورے پر آئے وفد کو مرکز کی اس موقعے پر جاری سرگرمیوں کی نسبت سے تفصیلی جانکاری دی ۔

یاترا

اب پیش ہے امر نا تھ جی یاترا 2026سے متعلق یہ خبر۔

-----Music------

سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا کا آغاز اس سال3جولائی سے ہو گا جو57دنوں تک جا ری رہنے کے بعد28اگست کو رکشھا بندھن کے موقعے پر اپنے اختتام کو پہنچے گی۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ یاترا کے احسن انعقاد کیلئے شری امر ناتھ جی شرائن بورڈ نے تمام انتظامات مکمل کئے ہیں۔

جشن موسیقی

وسطی کشمیر کے گاندربل ضلعے میں واقع سیاحتی مقام مانسبل کے

میں   وُلر مانسبل ڈیولپمنٹ اتھارٹی، جمونکشمیر اکیڈمی آف آر ٹ کلچر "Open Air Theater"© اینڈ لنگویجز اور نارتھ زون کلچرل سینٹر پٹیالہ پنجاب کے مشترکہ اہتمام سے جشن موسیقی کا ایک پروگرام منعقد ہوا ۔

اس موقعے پر وادی کے نامور گلو کار قیصر نظامی اور دیگرکئی فنکاروں نے صوفی موسیقی کے گیت گاکر حاضرین کو محظوظ کیا ۔

............Music............

آشا بھوسلے

بھارت کی معروف گلو کارہ آشا بھوسلے کی آخری رسومات ممبئی کی شیوا جی پارک میناج سہ پہر چار بجے پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی جائے گی۔ان کا انتقال ممبئی میں کل 92سال کی عمر میں ہو گیا۔بھارتی فلموں میں اپنی سُریلی آواز میں گائے ہوئے متعدد گیتوں کے نتیجے میں وہ ایک ہر دلعزیز گلو کارہ مانی جا رہی ہیں، جنہیں پدم وبھوشن اور مہاراشٹر بھوشن جیسے اعزازات سے نواز ا جا چکا ہے۔

کپواڑہ

ضلع پنچایت الیکشن آفیسر کپواڑہ شر ی کانت سوسے نے ضلع میں پنچایت الیکٹورل بوتھ افسروں اور بوتھ سطح کے افسروں سے کہا ہے کہ وہ چناؤ فہرستوں کی تیاری میں قریبی تال میل کے ساتھ کام کریں۔

وہ کرناہ کے سرحدی بلاکوں کے دورے پر تھے جہاں انہوں نے پنچایتی چناؤ فہرستوں کی نظر ثانی کے جاری کام کا جائزہ لیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****